**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Urdu Aasan Paper II**

**Time: 2 hours 10 minutes    Marks: 45**

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

**حصہ نثر:**

سوال۔1 (کل 10 نمبر)

(الف) سبق 'چچا چھکن نے تصویر ٹانگی' کے کردار 'چچا چھکن' کو آئندہ کسی کام کی ذمے داری دینی چاہیے یا نہیں؟ اپنی رائے **تین** نکات میں تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

(ب) سبق 'ماں جی' میں ہمارے لیے کیا اہم پیغامات ہیں؟ کوئی سے تین پیغامات کی نشان دہی کیجیے۔ (3 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

(ج) سبق 'حماقتیں' کے مصنّف شفیق الرحمن کے تحریر کی نثری خوبیاں **تین** نکات میں تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

**حصۂ نظم:**

سوال۔2 (کل 10 نمبر)

(الف)

باقی نہ رہے ساکھ ادا دشتِ جنوں کی
دل میں اگر اندیشۂ انجام ہی آئے

درج بالا شعر کی تشریح کیجیے۔ (3نمبر)

(ب) نظم 'برسات کی بہاریں' میں شاعر نے برسات سے انسانوں کی زندگی پر پڑنے والے کن اثرات کا ذکر کیا ہے؟ کوئی سے **چار** بیان کیجیے۔ (4نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

(ج) نظم ' ایک مکڑا اور مکھّی ' کے شاعر علامہ محمد اقبال کی شاعری کی کوئی **تین** خصوصیات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

سوال نمبر 3۔ (کل 7 نمبر)

(الف) 'اقوامِ متحدہ سے وابستہ دنیا کے ممتاز ترین ماہرینِ ماحولیات اور آب و ہوا نے گزشتہ دنوں خبردار کیا ہے کہ اگر بارہ برسوں میں ہم نے کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اخراج محدود کرنے سمیت دیگر اہم اقدام نہ اٹھائے تو دنیا بھر میں سیلاب، طوفان، موسمیاتی شدّت، خشک سالی اور فصلوں کی تباہی کا عمل تیز ہو سکتا ہے، جس کے پورے سیّارے پر غیر معمولی طور سے منفی نتائج پڑیں گے۔ اقوامِ متحدہ کے ماحولیاتی اور موسمی تبدیلیوں پر نظر رکھنے والے عالمی ادارے انٹر گورنمنٹل پینل آن کلائمٹ چینج (آئی پی سی سی) کی جانب سے 9 اکتوبر کو جاری کی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہمارے سیّارے کے اوسط درجۂ حرارت میں ایک درجہ سینٹی گریڈ کا پہلے ہی اضافہ ہو چکا ہے۔ اب اگر اس میں 1.5 سینٹی گریڈ کا مزید اضافہ ہونے سے روکنا ہے تو آج ہی سے ہمیں جرأت مندانہ اقدام اٹھانے ہوں گے۔ بہ صورتِ دیگر اس اضافے سے خشک سالی، قحط، شدید گرمی، موسمی شدّت، جنگلات کی آگ، سیلاب اور طوفان جیسی آفات میں اضافے سے دنیا بھر میں کروڑوں افراد متاثر ہوں گے کیوں کہ زمین کا انتہائی نازک اور حساس نظام اس گرمی سے کئی طرح سے متاثر ہو گا۔'

درج بالا عبارت پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے **دو** نکات لکھیے۔ نیز اس کا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔ (3 نمبر)

April/May 2019 for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

(ب) 'اقوامِ متحدہ سے وابستہ دنیا کے ممتاز ترین ماہرینِ ماحولیات اور آب و ہوا نے گزشتہ دنوں خبردار کیا ہے کہ اگر بارہ برسوں میں ہم نے کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اخراج محدود کرنے سمیت دیگر اہم اقدام نہ اٹھائے تو دنیا بھر میں سیلاب، طوفان، موسمیاتی شدّت، خشک سالی اور فصلوں کی تباہی کا عمل تیز ہو سکتا ہے، جس کے پورے سیّارے پر غیر معمولی طور سے منفی نتائج پڑیں گے۔ اقوامِ متحدہ کے ماحولیاتی اور موسمی تبدیلیوں پر نظر رکھنے والے عالمی ادارے انٹرگورنمنٹل پینل آن کلائمٹ چینج (آئی پی سی سی) کی جانب سے 9 اکتوبر کو جاری کی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہمارے سیّارے کے اوسط درجۂ حرارت میں ایک درجہ سینٹی گریڈ کا پہلے ہی اضافہ ہو چکا ہے۔ اب اگر اس میں 1.5 سینٹی گریڈ کا مزید اضافہ ہونے سے روکنا ہے تو آج ہی سے ہمیں جرأت مندانہ اقدام اٹھانے ہوں گے۔ بہ صورتِ دیگر اس اضافے سے خشک سالی، قحط، شدید گرمی، موسمی شدّت، جنگلات کی آگ، سیلاب اور طوفان جیسی آفات میں اضافے سے دنیا بھر میں کروڑوں افراد متاثر ہوں گے کیوں کہ زمین کا انتہائی نازک اور حساس نظام اس گرمی سے کئی طرح سے متاثر ہو گا۔'

دیے گئے اقتباس میں سے کوئی **چار** خط کشیدہ الفاظ کا مفہوم تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

(ج) ’اقوامِ متحدہ سے وابستہ دنیا کے ممتاز ترین ماہرینِ ماحولیات اور آب و ہوا نے گزشتہ دنوں خبردار کیا ہے کہ اگر بارہ برسوں میں ہم نے کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اخراج محدود کرنے سمیت دیگر اہم اقدام نہ اٹھائے تو دنیا بھر میں سیلاب، طوفان، موسمیاتی شدّت، خشک سالی اور فصلوں کی تباہی کا عمل تیز ہو سکتا ہے، جس کے پورے سیّارے پر غیر معمولی طور سے منفی نتائج پڑیں گے۔ اقوامِ متحدہ کے ماحولیاتی اور موسمی تبدیلیوں پر نظر رکھنے والے عالمی ادارے انٹر گورنمنٹل پینل آن کلائمٹ چینج (آئی پی سی سی) کی جانب سے 9 اکتوبر کو جاری کی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہمارے سیّارے کے اوسط درجۂ حرارت میں ایک درجہ سینٹی گریڈ کا پہلے ہی اضافہ ہو چکا ہے۔ اب اگر اس میں 1.5 سینٹی گریڈ کا مزید اضافہ ہونے سے روکنا ہے تو آج ہی سے ہمیں جرأت مندانہ اقدام اٹھانے ہوں گے۔ بہ صورتِ دیگر اس اضافے سے خشک سالی، قحط، شدید گرمی، موسمی شدّت، جنگلات کی آگ، سیلاب اور طوفان جیسی آفات میں اضافے سے دنیا بھر میں کروڑوں افراد متاثر ہوں گے کیوں کہ زمین کا انتہائی نازک اور حساس نظام اس گرمی سے کئی طرح سے متاثر ہو گا۔‘

درج بالا عبارت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال نمبر4 (کل10نمبر)

(الف) درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر کم از کم 150 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجیے۔

1۔ آج کے دور کے طالب علموں کے مسائل 2۔ سر سبز پاکستان ہماری اہم ضرورت


مضمون کے لیے ہدایات:

مضمون کا تحریری مواد موضوع کے مطابق لکھیے۔

موضوع کی وضاحت کے لیے مثالوں یا دلیلوں کو شامل کیجیے۔

**یا**

(ب) دی گئی تصویر کو دیکھ کر جو کہانی آپ کے ذہن میں آتی ہے، تحریر کیجیے۔




ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔۔۔

**کہانی لکھنے کے لیے ہدایات:**

1۔ کہانی کے اجزا کو شامل تحریر کیجیے۔

2۔ تصویر کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے نقلی ہیلمٹ اور اصلی ہیلمٹ کا فرق دو نکات میں تحریر کیجیے۔

3۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ہیلمٹ پہننے کے فوائد اور ہیلمٹ نہ پہننے کے نقصانات کی نشان دہی کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال نمبر5۔ (کل 8 نمبر)

(الف) محکمۂ بجلی کے اعلیٰ حکام کے نام خط میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے پیدا ہونے والے کم از کم دو مسائل سے آگاہ کیجیے۔

**یا**

(ب) اپنے چھوٹے بھائی /بہن کو ایک خط لکھیے جس میں اُسے ایک کامیاب طالب علم بننے کے لیے دو رہنما اصولوں کے بارے میں آگاہ کیجیے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام